# SSLC MODEL QUESTION PAPER, EXAMINATION -2015-16

**Subject : FIRST LANGUAGE URDU code 12U, Scheme RF**

Max Marks :100 — Total pages :4

Max Time 3hrs — Total Questions: 50

---

1) اس سوالات کے پرچہ میں جملہ 50 سوالات درج ہیں۔

2) ہر سوال کے نیچے جواب کے لئے کافی جگہ دی گئی ہے لہذا جوابات اسی جگہ لکھئے جو جگہ جوابات کے لئے رکھی گئی ہے

3) یہ پرچہ جملہ تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلا حصہ نثر و نظم، دوسرا حصہ قواعد اور تیسرا حصہ انشاء سے تعلق رکھتا ہے

4) حصہ ''ب'' میں معروضی سوالات دئے گئے ہیں کاٹ کر یا تصحیح کر کے لکھنے پر نشانات کاٹ دئے جائینگے

## Part (A) حصۂ الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے — 1X11=11

01) اللہ تعالی کی کس صدا سے دنیا وجود میں آئی ؟

02) حضورؐ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر حج ادا کیا؟

03) حضرت امیر خسرو کے پیر و مرشد کا کیا نام ہے؟

04) حجۃ الوداع کی موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

05) پنڈت جواہر لال نہرو کا کس زبان سے لگاؤ تھا؟

06) بڑی حویلی کی دیوٹ پر ایک کسے قرار دیا ہے؟

07) سقراط کو زہر کا پیالہ کیوں پینا پڑا ؟

08) آنکھیں کس نے دان کی تھیں؟

09) ہوا چاروں طرف کیا پکارتی ہوئی آئی ؟

10) شاعر فراق گورکھپوری کو کس نے پالا تھا؟

11) مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے؟

**نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات دو تین جملوں میں لکھئے** 2X8=16

12) دوسرے دن صبح اٹھتے ہی مصنف کے پڑوسی نے کیا کیا؟

13) سرحدیں انسان کی ترقی اور آزادی میں کس طرح رکاوٹ کا سبب بنتی ہیں؟

14) شاعر تلوک چند محرومؔ نے اپنی رباعی کس بات کا پیغام دیا ہے؟

15) دنیا کے کن ممالک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے؟

16) مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کن الفاظ میں کی؟

17) زعفرام کے پودے کو دائمی پودا کہنے کی وجہ کیا ہے؟

18) موسمِ بہار میں چڑیاں کیا کرتی ہیں؟

19) شاعر نے بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہا ہے؟

**درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں تحریر کیجیے** 8X3=24

**بحوالۂ متن تشریح کیجیے:**

20) ''اے خدا تو گواہ رہ''

21) ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا''

22) ''پھر ہمارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔''

23) **کسی ایک نثر نگار کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے** ۱) مولانا ابوالکلام آزاد ۲) سید سلیمان ندوی

24) **کسی ایک شاعر کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے** ۱) میر انیسؔ ۳) دلاور فگار

**درجِ ذیل اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے**

25) ؎ ''یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں''

26) ؎ ''سب کا تو مداوا کر ڈالا، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے''

27) ؎ '' سو بار تیرا دامن، ہاتھوں میں مرے آیا جب آنکھ کھلی دیکھا، اپنا ہی گریباں تھا ''

درج سوالات کے تفصیلی جوابات مطلوب ہیں 4X4=16

28) حمد یا نعت کے چار اشعار اپنی یادداشت کی مدد سے لکھئے

29) درجِ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ صاف خوشخط میں لکھئے ۱) رشوت ۲) جگنو

30) امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

31) جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے

یا زعفران کے تعلق سے ایک مختصر نوٹ لکھئے

## Part B حصہ ''ب''

**درجِ ذیل سوالات کے نیچے چار جوابات درج ہیں موزوں ترین جواب چن کر جواب کے دی گئی جگہ پر لکھئے**

32) وہ جملہ جو ایک ہی مسند الیہ اور مسند سے بنا ہو 1X10=10

الف) مفرد جملہ ب) مرکب جملہ ج) جملہ انشائیہ د) جملۂ خبریہ

33) لفظ ''لہو'' کا مترادف لفظ ہے

الف) نزاکت ب) لہو ولعب ج) لہولہان د) خون

34) غزل کا سب سے اچھا شعر کہلاتا ہے

الف) بیت المال ب) بیت الغزل ج) بیت الشعر د) بیت العمدہ

35) درجِ ذیل سے سابقہ الگ کر کے لکھئے

الف) دل پسند ب) منافع خور ج) بے شرم د) خیف نما

36) ''رباعی'' کا دوسرا نام ہے

الف) دوبیتی ب) دوہہ ج) پہلی د) چٹکلہ

37) نثری ادب کی مقبول ترین صنف کی نشاندہی کیجئے

الف) افسانہ ب) طنز و مزاح ج) خونوشت د) مضمون

38) ''خودنوشت سوانح'' صنف کی مثال ہے

الف) بدایوں کے شام وسحر　ب) حجۃ الوداع　ج) زعفران　د) قول فیصل

39) درج ذیل شعر میں استعمال شدہ صنعت کی نشاندہی کیجئے

''میں بھٹکتا پھرتا ہوں دیر سے یوں ہی شہر شہر، نگر نگر　کہاں کھو گیا میرا قافلہ، کہاں رہ گئے میرے ہم سفر''

الف) صنعت تضاد　ب) صنعتِ تلمیح　ج) صنعتِ استعارہ　د) صنعتِ تکرار

40) لفظِ ''رسم'' کی جمع ہے

الف) مراسمات　ب) مراسم　ج) مرسومات　د) رسوم

41) جس شعر میں متضاد الفاظ استعمال ہوں ایسی صنعت (جملہ مکمل کیجئے)

الف) تشبیہ ہے　ب) استعارہ ہے　ج) تضاد ہے　د) تکرار ہے

**پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ اور مناسبت ہے اسی طرح کا مناسب جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگائیے۔** 1X4=4

42) حمد = اللہ کی تعریف　نعت = ---------------------

43) شکل = اشکال　عمل = ---------------------

44) ابد = ازل　حق = ---------------------

45) قولِ فیصل = ابوالکلام آزاد　درشتی = ---------------------

**درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین، چار جملوں میں لکھئے۔** 3X2=6

46) جملہ اسمیہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے؟

47) صنعتِ تشبیہ یا صنعت تلمیح کی تعریف کرتے ہوئے اس کی ایک مثال پیش کیجئے۔

## حصہ ''ج''　Part-C

48) اپنے ہم سبق ساتھی کے نام ایک خط لکھئے جس میں انہیں اسکول کی کسی خاص تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی ہو　یا

والد کے نام خط لکھئے جس میں اسکول فیس -/500 روپئے طلب کی گئی ہو　5X1=05

49) کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے: ۱) میرا پسندیدہ لیڈر　۲) کرکٹ کھیل　5X1=05

31 درجِ ذیل عبارت بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالات کے جوابات مختصر لکھئے 1X3=3

عام طور پر دو قسم کے کیلنڈر ہوتے ہیں، کیلنڈر کو اردو زبان میں تقویم کہا جاتا ہے۔ کیلنڈر کی دو قسمیں ۱) عیسوی اور ۲) ہجری، عیسوی تاریخ کی ابتداء حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے ہوتی ہے، جب کے ہجری تقویم کی ابتداء ہمارے آخری نبیؐ کی ہجرت سے ہوتی ہے، ہجری تاریخ کی ابتدا باضابطہ طور پر حضرت عمرؓ نے جاری فرمایا، صحابہؓ سے حضرت عمرؓ نے مشورہ کیا کہ تاریخ کی ابتداء کب سے ہونے چاہئیے تو صحابہ نے مختلف رائے دی، حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اسلامی تاریخ کی ابتداء ہجرت سے ہونی چاہئیے سب نے اس کو پسند فرمایا اور حضرت عمرؓ نے اسے نافذ فرمایا۔

سوالات:

۱) کیلنڈر کو اردو زبان میں کیا کہا جاتا ہے؟

۲) عیسوی تاریخ کی ابتدا کب سے ہوتی ہے؟

۳) اسلامی تاریخ کا آغاز کب سے ہوتا ہے؟